ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

فون:۔ 021-992129639

کراچی 11 جنوری 2020ء:۔

کوئٹہ بلاسٹ کے تناظر میں آئی جی سندھ نے پولیس کو ہائی الرٹ رہنے کے احکامات جاری کر دیئے۔
پولیس سیکیورٹی اقدامات مزید سخت اور غیر معمولی بنائے جائیں۔
تمام پبلک مقامات، اہم سرکاری، نیم سرکاری عمارتوں، دفاتر، ریلوے اسٹیشنز، بس ٹرمینلز، ایئر پورٹس، حساس تنصیبات سمیت مساجد، امام بارگاہوں وغیرہ پر جملہ سیکیورٹی اقدامات کو مربوط اور مؤثر بنایا جائے۔ ڈاکٹر سید کلیم امام
مختلف منتخب کردہ مقامات سمیت صوبے کے مضافات اور گنجان آباد علاقوں میں انٹیلی جینس اور کڑی نگرانی نظام کو مزید ٹھوس بنایا جائے۔
آئی جی سندھ
تمام ایس ایچ اوز کو علاقہ گشت، اسنیپ چیکنگ، پکٹنگ اور وجیلنس کے عمل کو اپنی نگرانی میں انجام دینے کے احکامات۔
سیکیورٹی حکمت عملی اور لائحہ عمل کو ہر سطح پر مکمل بریفنگ کے ساتھ نافذ العمل بنایا جائے۔ آئی جی سندھ
سیکیورٹی اقدامات میں حفاظت خود اختیاری جیسے اقدامات لازمی یقینی بنائیں جائیں۔ آئی جی سندھ
کسی بھی حوالے سے اختیارات سے تجاوز، غفلت اور لاپروائی ناقابل برداشت ہوگی۔ آئی جی سندھ
نائٹ پیٹرولنگ پلان اور بالخصوص رات گئے علاقوں میں پولیس سیکیورٹی امور کو انتہائی غیر معمولی بنایا جائے۔ آئی جی سندھ

-۔-۔-۔-۔-۔-۔-۔-۔-